تابناک تاریخ کے جھروکوں سے

خلیفہ راشد سیدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اسلامی لشکر نے بیت المقدس کو صلیبیوں کے قبضے سے آزاد کرانے اور فتح کے علم لہرانے کے بعد کفار کو ذمی بن کر وہاں رہنے کی اجازت ان شرط پر دی کہ ذمی یہ عہد کریں کہ

- اپنے گرجاؤں میں ناقوس انتہائی پست آواز میں بجائیں گے
- اپنے گرجاؤں پر صلیب کی نشانی نہیں لٹکائیں گے
- اتنی آواز میں عبادت کریں گے کہ اپنے علاوہ کوئی اور نہ سن سکے
- جنازوں کے ساتھ مذہبی گیت نہیں گائیں گے
- جنازوں کے ساتھ آگ کی شمعیں لے کر مسلمانوں کے بازاروں سے نہیں گزریں گے
- مسلمانوں کے بازاروں سے خنزیز لے کر نہیں گزریں گے
- شراب فروشی نہیں کریں گے
- اپنے مذہب کی تبلیغ نہیں کریں گے
- عزیز واقارب میں سے جو کوئی اسلام قبول کرنا چاہے اس کے رستے میں رکاوٹ پیدا نہیں کریں گے
- صرف اپنا مخصوص لباس پہنیں گے
- مسلمانوں کی مشابہت اختیار نہیں کریں گے
- مسلمانوں کی سی ٹوپی، عمامہ اور جوتے نہیں پہنیں گے
- مسلمانوں کی زبان میں گفتگو نہیں کریں گے
- اپنے گلوں میں زنران / ٹائی پہنیں گے
- اپنی انگوٹھیوں اور مہروں پہ عربی نقوش نہیں کروائیں گے
- اپنے پاس ہتھیار / اسلحہ نہیں رکھیں گے
- مسلمانوں کا احترام کریں گے اور اگر ان کی مجلسوں میں مسلمان آجائیں تو ان کے احترام میں کھڑے ہو جائیں گے
- کسی مسلمان کے ساتھ کاروبار میں شریک نہیں ہوں گے۔ الا یہ کہ سارے تجارتی معاملات مسلمان کے قبضے میں ہوں
- اگر مسلمان مسافر ہوں تو ان کی مہمان نوازی کریں گے اور اپنا بہترین کھانا ان کے لیے پیش کریں گے

ان ساری شرائط کی ضمانت، صلیبیوں کی جانیں، بچے اور اہل وعیال ہوں گے اگر صلیبی ان شرائط کو توڑیں یا مخالفت کریں تو پھر اہل اسلام کا کوئی ذمہ نہیں اور ان سے وہی سلوک ہوگا جو اہل حرب کے ساتھ کیا جاتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نوائے افغان جہاد

جلد نمبر۲، شمارہ نمبر۴

ربیع الثانی ۱۴۳۰ھ اپریل 2009ء

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''سب سے بہتر زندگی اس شخص کی ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے، اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے اس کے دوش پر اُڑتا پھرتا ہے، جب کوئی ڈر اور خوف کی آواز سنتا ہے تو گھوڑے کی پشت پر بیٹھ کر اس کی طرف لپک پڑتا ہے، شہید ہونے کی جگہ تلاش کرتا پھرتا ہے اور موت کے گمان کی جگہ مرنا ڈھونڈتا ہے''۔ (صحیح مسلم)

عنوانات

قارئین کرام!

عصرِ حاضر کی سب سے بڑی صلیبی جنگ جاری ہے۔ اس میں ابلاغ کی تمام سہولیات اور اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے تمام ذرائع، نظامِ کفر اور اس کے پیروؤں کے زیرِ تسلط ہیں۔ ان کے تجزیوں اور تبصروں سے اکثر اوقات مخلص مسلمانوں میں مایوسی اور ابہام پھیلتا ہے، اس کا سدِ باب کرنے کی ایک کوشش کا نام 'نوائے افغان جہاد' ہے۔

نوائے افغان جہاد

- اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کفر سے معرکہ آرا مجاہدین فی سبیل اللہ کا موقف مخلصین اور محبینِ مجاہدین تک پہنچاتا ہے۔
- افغان جہاد کی تفصیلات، خبریں اور محاذوں کی صورت حال آپ تک پہنچانے کی کوشش ہے۔
- امریکہ اور اس کے حواریوں کے منصوبوں کو طشت از بام کرنے، اُن کی شکست کے احوال بیان کرنے اور اُن کی سازشوں کو بے نقاب کرنے کی ایک سعی ہے۔

اس لیے.........

☆ اِسے بہتر سے بہترین بنانے میں ہمارا ساتھ دیجئے۔

☆ اِسے دوسروں تک زیادہ سے زیادہ پہنچانے کا اہتمام کیجیے۔

اپنی تجاویز، تبصرے اور تحریریں درج ذیل برقی پتے (E-mail) پر ضرور ارسال کیجیے۔

nawaiafghan@gmail.com

انٹرنیٹ پر 'نوائے افغان جہاد' ملاحظہ کیجیے

www.nawaiafghan.wordpress.com

اللہ سبحانہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و مددگار رہو۔ آمین

قیمت فی شمارہ ۱۵ روپے

اللہ کے لیے لڑنے والے، اللہ کی زمین پر چھائیں گے

تمام تر بزرگی اور برتری اللہ الہ العالمین کو ہی لائق اور سزاوار ہے کہ جو کائنات کے تمام معاملات کو بلاشرکتِ غیرے چلانے والے ہیں۔ اس قدر درود وسلام اللہ کے رسول ﷺ کے لیے جتنا کہ اللہ رب کائنات کو پسند ہے، کہ جن کو دنیا میں مبعوث ہی فقط اس لیے کیا گیا کہ وہ (باذن اللہ) دنیا سے جاہلیت کی بنیاد پر استوار کفری اور طاغوتی نظام کا خاتمہ کریں اور چہار سو 'کلمتہ اللہ ھی العلیاء' کا پرچار کریں۔ اللہ رب العالمین کی بیش بہا نعمتوں اور رحمتوں کی حق دار ٹھہریں وہ انمول ہستیاں، جنھوں نے سربلندی اسلام کے لیے حضور نبی کریم ﷺ کے حکم پر اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ اللہ کے جود وکرم کے مستحق رہیں وہ علمائے حق کہ جو حضور ﷺ کے بعد اسلام کے شجرِ طیبہ کو اپنے خون سے سیراب کرتے ہیں۔ اللہ الہ العالمین کی مدد ونصرت ہو ان مجاہدین اسلام کے لیے کہ جو ہر دور میں اپنے سروں پہ کفن باندھ کر وقت کے ابوجہلوں کے خلاف سینہ سپر رہ کر امت کو عزت وغیرت سے جینے اور مرنے کے ڈھنگ سکھلاتے ہیں اور جو اپنا خونِ جگر جلا کر ٹھٹھرتی اور سہمی امت مسلمہ کو حرارت بخشتے ہیں۔ اور ذلت وپستی مقدر ہو ہر اس فرد اور گروہ کا، جو اسلام اور مجاہدین اسلام کے خلاف سازشوں اور مکروہ دھندوں میں مصروف ہے۔

حضرت سلمہ بن نفیل الکندیؓ سے روایت ہے کہ میں رسول مہربان ﷺ کے پاس بیٹھا تھا تو ایک آدمی یوں گویا ہوا کہ اللہ کے رسول ﷺ! لوگوں نے گھوڑے چھوڑ دیے ہیں اور اسلحے رکھ دیے ہیں اور کہنے لگے ہیں کہ اب کوئی جہاد نہیں ہے اور جنگ نے اپنے اوزار رکھ دیے ہیں، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: لوگ جھوٹ بولتے ہیں ابھی تو لڑائی کا وقت آیا ہے اور میری امت میں ایک گروہ ایسا ضرور ہوگا جو حق پر لڑائی کرتا رہے گا، اللہ تعالیٰ قوموں کے دل اس کی طرف موڑ دیں گے اور انھیں سے اس گروہ کو رزق ملے گا یہاں تک کہ قیامت برپا ہو جائے گی اور اللہ کا وعدہ آجائے گا۔ آج دنیا بھر میں مجاہدین فی سبیل اللہ، رسول صادق صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارتوں کے مصداق، خلافت علی منہاج النبوۃ کے لیے میدان عمل میں ہیں اور پوری دنیا کا کفر اُن سے خوف زدہ ہے (حقیقتاً کفر کو جو بھی خطرہ ہے انھی مجاہدین مخلصین سے ہے)۔ دنیا بھر کا کفر متحد ہو کر اپنی مکروہ ترکیبوں، چالوں اور ہتھکنڈوں سے ان مجاہدین کو نیچا دکھانا چاہتا ہے۔ ان مجاہدین مخلصین پر اٹھنے والوں ہاتھوں میں کفر کے ساتھ ساتھ غدارانِ اسلام (جو کہ اسلام کا لبادہ اوڑھے ہیں) بھی شامل ہیں۔ ۵۷ مسلم ممالک کے منافق حکمران اور ان کی نام نہاد مسلم فوجیں (جو شاہ سے زیادہ شاہ کی وفاداری کا ثبوت دیتے ہوئے اللہ رب العزت کے بجائے اپنے صلیبی خداؤں کے آگے سجدہ ریز ہیں) اور ان کا ساتھ دینے میں (بظاہر امتی اور ہمدرد لیکن اندرونِ کفر کے کاسہ لیس) نام نہاد علماء بھی پیش پیش ہیں۔ ان علمائے سوء کو کفار اور ان کے ساتھی انتہائی معصوم نظر آتے ہیں، لیکن پیٹ کے ان بندوں کو وہ معصوم بچے نظر نہیں آتے کہ جو ٹینکوں اور توپوں کی گھن گرج میں مدد کے لیے پکار رہے ہیں، جو صلیبیوں کے آئے روز ہونے والے میزائل حملوں کی صورت یتیم ہو رہے ہیں، وہ بوڑھے بھی ان کی حرص وہوس میں اندھی آنکھوں سے دور ہیں جن کے بڑھاپے کا سہارا ان کے جوانِ رعنا، ان کی آنکھوں کے سامنے انھی نام نہاد مسلم ممالک سے اپنے ہی مسکنوں سے اٹھالئے جاتے ہیں۔ اوروں سے زیادہ اپنوں کے نشتر سہتے' نامساعد حالات میں مجاہدین اپنے مالک حقیقی کی خوشنودی اور اس کے وجہہ کریم کی جستجو میں سچّی لگن کے ساتھ آگے ہی آگے بڑھتے چلے جارہے ہیں۔ تھائی لینڈ میں روہنگیا اور فلپائن میں مورو، قبرص میں ترک اور سرزمین ایمان وحکمت 'یمن' میں فدایان، مغرب اسلامی (الجزائر) میں شہیدی جواں اور ارض ہجرت وجہاد صومالیہ میں سیدنا بلالؓ کے ورثاء، ارض مقدس فلسطین میں مجاہدین فی سبیل اللہ اور جزائر عرب میں اسلام پر اپنا سب کچھ نچھاور کرنے والے قابل تقلید سرفروش، دولتِ اسلامیہ عراق کے مجاہدین مخلصین ہوں اور امارت اسلامیہ افغانستان کے سخت جاں، جان ہتھیلی پہ لیے پاکستان میں نوجوان اسلام اور قبائل کے غیور اور مہمان نواز مسلمان، وسطی ایشیا میں شیشانی اور ازبک جانباز ہر طرف امام مہدی کے حواری (ملامت کرنے والوں کی ملامت سے بے نیاز) تیز تر گامزن ہیں۔

مجاہدین فی سبیل اللہ کی یہ پیشرفت (جس نے دنیائے کفر اور اس کے کاسہ لیسوں کی راتوں کی نیند اُڑادی ہے) امت محمد وفاداروں کو یہی پیغام دیتی ہے کہ دنیا کی عیش کے بجائے آخرت کی ہمیشہ رہنے والی عیش اور بھلائی کا انتخاب کریں۔ پیارے رسول ﷺ کے ساتھیوں کی صورت انصار ومہاجر بنتے ہوئے، اسلام کے ان سچّے جانثاروں کے مبارک نقوش پا کو مشعل راہ بناتے ہوئے کفار اور ان کے حواریوں کی سرکوبی کا سفر اختیار کرو۔ حرمتِ رسول ﷺ پر کٹ مرنے کے اپنے دعوؤں کو گستاخ صلیبیوں، صیہیونیوں اور مشرکین کی موت بن کر سچّا ثابت کرو کہ اب باتوں اور دعوؤں کا نہیں! عمل کا وقت ہے۔

کچھ وقت وہنر کچھ خونِ جگر، ان راہوں پہ قربان تو ہو
تا وقتِ نزولِ عیسیؑ ہم، اس لشکر میں مل جائیں گے

اللھم النصر المجاہدین واجعلنا منھم (امین یا رب العالمین)

''عقیدۂ الولاء والبراءٗ'' (دوستی اور دشمنی) قرآن وسنت کی روشنی میں

مولانا عبدالحکیم حسان

﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لاَ تَتَّخِذُوا الْیَھُوْدَ وَ النَّصٰرٰٓی اَوْلِیَآءَ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ وَ مَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ فَاِنَّہٗ مِنْھُمْ اِنَّ اللّٰہَ لاَ یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ﴾ (سورۃ المائدۃ:۵۱)

''اے اہل ایمان! یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ یہ تو آپس میں ہی ایک دوسرے کے دوست ہیں۔تم میں سے جو بھی ان میں سے کسی سے دوستی کرے گا وہ بے شک انھی میں سے ہے۔بے شک اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہرگز ہدایت عطا نہیں فرماتا''۔

امام ابن جریر طبریؒ مذکورہ آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

''ہمارے نزدیک یوں کہنا زیادہ مناسب اور درست ہے کہ اللہ رب العزت نے تمام مسلمانوں کو منع کیا ہے اس بات سے کہ وہ یہودیوں اور عیسائیوں کو اپنے حمایتی، مددگار اور حلیف بنائیں،ان مومنوں کے خلاف جو اللہ تعالیٰ پر اور رسول اکرم ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے اس بات سے بھی خبردار کیا ہے کہ جو مسلمان اللہ اور رسول اکرم ﷺ کو اور مومنوں کو چھوڑ کر ان کافروں کو اپنا حمایتی، مددگار اور دوست بنائے گا تو اس کے نتیجے میں وہ ان یہودیوں اور عیسائی کافروں کی جماعت کا ہی فرد گردانا جائے گا۔گویا یہ شخص اللہ رب العالمین، رسول اللہ ﷺ اور مومنوں کے مدمقابل کافروں کی جماعت کا ایک کارکن ہوگا۔اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس سے کلیتاً بیزار اور لاتعلق ہوں گے۔''(دیکھئے تفسیر الطبری:۶/۲۷۶،۲۷۷)

مشہور مفسر قرآن امام قرطبیؒ اس آیت:۵۱ کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ کے فرمان ﴿وَ مَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ﴾ کا مطلب ہے کہ '' یُعَضِّدُھُمْ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ'' یعنی جو شخص بھی مسلمانوں کے خلاف کافروں کو قوت، طاقت اور ہر طرح کی (لاجسٹک) مدد فراہم کرتا ہے تو ﴿فَاِنَّہٗ مِنْھُمْ﴾ وہ انہی میں سے شمار کیا جائے گا۔گویا اللہ رب العزت نے بڑی وضاحت سے فرمادیا ہے کہ اس کے ساتھ وہی رویہ برتا جائے گا جو ان یہودیوں اور عیسائیوں کے ساتھ برتا جائے گا۔وہ شخص کسی مسلمان کے مال میں وراثت کا حقدار بھی نہیں ٹھہرے گا نہ اس کے مرنے کے بعد اس کا مال مسلمان وارثوں میں تقسیم ہوگا۔اس لیے کہ وہ مرتد ہو چکا ہے یہ بھی ذہن نشین رہے کہ یہ حکم تا قیامِ قیامت جاری وساری ہے۔''

امام قرطبیؒ مزید فرماتے ہیں:

''فرمان الٰہی ﴿وَمَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ فَاِنَّہٗ مِنْھُم﴾ میں شرط بھی ہے اور جواب شرط بھی ہے۔یعنی اس فرمان ذیشان کا معنی ومفہوم یہ ہے کہ جس طرح یہودیوں اور عیسائیوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کی ہے، اسی طرح اس نام نہاد کلمہ گو مسلمان نے بھی اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ کی مخالفت کی ہے، جس طرح دنیا میں ان یہودیوں اور عیسائیوں کے ساتھ دشمنی رکھنا واجب اور فرض ہے۔اسی طرح اس کلمہ گو مسلمان سے بھی دشمنی رکھنا واجب اور فرض ہے۔جس طرح آخرت میں وہ یہودی اور عیسائی (یہودیت اور عیسائیت پر مرنے کی صورت میں) لازمی طور پر جہنّم کی آگ کے مستحق قرار پائیں گے بالکل اسی طرح یہ کلمہ گو نام نہاد مسلمان بھی جہنّم کی آگ کا مستحق قرار پائے گا۔الغرض وہ اب ان یہودیوں اور عیسائیوں کی سوسائٹی کا ایک فرد بن چکا ہے۔'' (تفسیر القرطبی:۶/۲۱۷)

شیخ جمال الدین قاسمیؒ اسی بناء پر فرماتے ہیں:

''﴿وَمَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ فَاِنَّہٗ مِنْھُمْ﴾ کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص ان یہودیوں اور عیسائیوں سے دوستی کرے گا وہ ان کے گروہ میں ہی شمار ہوگا۔ان سے دوستی کرنے والے پر بھی وہی حکم اور قانون لاگو ہوگا جو ان یہودیوں اور عیسائیوں کے لیے ہوگا۔باوجود اس کے کہ وہ زبانی دعوے کرتا رہے کہ میں تو ان یہودیوں اور عیسائیوں کا مخالف ہوں۔اس لیے کہ ظاہری حالات وواقعات اور عمل وکردار کی شہادت ان کافروں کے ساتھ پوری پوری موافقت کی واضح دلیل ہے''۔(محاسن التاویل للقاسمی:۶/۲۴۰)

سلیمانؒ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں:

''اللہ رب العزت نے یہود ونصاریٰ کو دوست بنانے سے منع فرمایا ہے اور خبردار کیا ہے کہ مسلمانو! یاد رکھو جو تم میں سے ان کو دوست اور حمایتی بنائے گا پھر وہ ان ہی میں شمار ہوگا، وہی معاملہ اس شخص کا بھی ہوگا اور جو یہود ونصاریٰ کے علاوہ کسی آگ پوجنے والے (زرتشت) کو دوست بنائے گا یا کسی بتوں کے پجاری کو دوست بنائے گا تو وہ ان مذہب والوں میں ہی شمار ہوگا۔اللہ تعالیٰ نے دونوں کو ایک پلڑے میں ڈالتے ہوئے یہ فرق بھی بیان نہیں کیا کہ اگر بالفرض کوئی شخص ان کافروں سے کوئی خطرہ اور محسوس کرتا ہو تو پھر ان سے دوستی کرنا جائز اور درست ہے۔بلکہ واضح الفاظ میں اللہ تعالیٰ نے ان کے اس خوف وخطرہ محسوس کرنے کے معاملے کو ان کے دلوں کی بیماری کہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ سورۃ المائدۃ کی آیت:۵۲ میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے وہ کافروں کے کسی نہ کسی شر کے خوف اور گردش زمانہ کے ڈر سے ان کے ساتھ دوستیاں کرتے ہیں۔اگر یہ غور کرلیا جائے تو آج کے دور کے مرتدین اور منافقین کا بھی بالکل یہی حال اور یہی معاملہ ہے''

(الرسالة الحادية عشرة من مجموعة التوحيد:۳۳۸)

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا﴾ (النسآء: ١٤٤)

''اے ایمان والو! مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی صاف حجت قائم کرلو''

مذکورہ آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے امام طبریؒ بیان فرماتے ہیں:

''اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے مومن بندوں کو ممانعت کی جارہی ہے کہ وہ اپنے اندر منافقین کے اوصاف واخلاق پیدا نہ کریں۔ کیونکہ منافق مومنوں کی بجائے کافروں کو اپنا دوست بناتے ہیں۔ پھر منافق بھی اللہ کے دشمنوں کے ساتھ دوستیاں رچانے کی بنیاد پر ان کافروں کی طرح ہی ہوجاتے ہیں۔ اللہ رب العزت ارشاد فرماتے ہیں: ''اے ایمان لانے والو! کافروں سے دوستی نہ کرو، مومنوں کو چھوڑ کر ان کافروں کو مضبوط نہ بناؤ۔ اگر کوئی کلمہ پڑھنے والا مسلمان بھی یہ کرتوت اور حرکت کرے گا تو منافقوں کی طرح اس پر بھی جہنّم کی آگ واجب ہوگی۔''

(تفسير الطبري: ٩/٢٣٦)

فقہ حنفی کے مشہور مفسر علامہ آلوسیؒ مذکورہ آیت کی تفسیر ''روح المعانی'' میں بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

''اللہ رب العزت نے منافقوں کا حال بیان کرنے کے بعد سچّے ایمان والوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اس لیے کہ کافروں سے دوستی کرنا منافقوں کا وطیرہ اور ان کے دین کا حصّہ ہے۔ لہٰذا اے مسلمانو! تم ان کی مشابہت سے بچو۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ﴿اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا o﴾ کا معنی ہے کہ عذاب کے اندر مبتلا کرنے کے لیے واضح دلیل اپنے خلاف اللہ تعالیٰ کو فراہم کرنے کا ارادہ رکھتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ﴿اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا o﴾ کی ایک تفسیر وتشریح یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ: کیا تم اللہ تبارک وتعالیٰ کو اپنے منافق ہونے کی واضح دلیل مہیا کرنا چاہتے ہو' اس لئے کہ کافروں سے دوستی رچانا منافقت کی واضح ترین دلائل میں سے ہے۔''

(روح المعاني للآلوسي: ٥/١٧٧، تفسير ابي سعود: ٢/٢٤٦)

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ o﴾ (التوبة: ٢٣)

''اے ایمان والو! اپنے والدین کو اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ اگر وہ کفر کو ایمان سے زیادہ عزیز رکھیں۔ تم میں سے جو بھی ان سے محبت رکھے گا وہ پورا گنہگار (ظالم) ہوگا''۔

علامہ قرطبیؒ مذکورہ آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

''آیت کے آخری حصّہ ﴿وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ﴾ کے بارے میں مفسر قرآن سیدنا عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس کا کیا مطلب ہے:

(هُوَ مُشْرِكٌ مِثْلُهُمْ ، لِاَنَّ مَنْ رَضِيَ بِالشِّرْكِ فَهُوَ مُشْرِكٌ)

'جو کسی کافر ومشرک سے دوستی کرے گا وہ ان کی طرح کا ہی مشرک ہوگا، اس لیے کہ جو شرک کو پسند کرتا ہے وہ بھی مشرک ہوتا ہے۔'' (تفسير القرطبي: ٨/٩٣-٩٤)

علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں: ''اسلام کا اصول ہے کہ ((الرِّضَاءُ بِالْكُفْرِ كُفْرٌ)) یعنی ''کفر کو پسند کرنا بھی کفر ہے''۔ (تفسير القرطبي: ٥/٤١٧، ٤١٨)

مجدّد الدعوۃ الاسلامیہ محمد بن عبدالوہابؒ مزید فرماتے ہیں:

''یاد رکھیے! کوئی کلمہ پڑھنے والا نیک مسلمان جب اللہ کے ساتھ شرک کرنے لگ جائے اور اہل توحید کے مخالف ہوکر مشرکین کا ساتھی بن جائے وہ کافر ہوجاتا ہے، اگرچہ وہ بذاتِ خود شرک کا ارتکاب نہ بھی کرے۔ قرآن مجید میں، رسول اکرم ﷺ کی احادیث مبارکہ میں اور اہل علم کی تالیفات وتصنیفات میں اس بارے میں اتنے دلائل ہیں کہ ان کو احاطہ تحریر میں لانا دشوار ہے۔'' (الرسائل الشخصية ، خامس من مؤلفات الشيخ محمد بن عبدالوهاب: ٢٧٢)

عبدالرحمٰن بن حسنؒ فرماتے ہیں:

''کسی مسلمان کے اسلام کو ختم کرنے والی اور دین اسلام سے خارج کرنے والی تیسری چیز'' کسی مشرک سے دوستی کرنا، کسی مشرک کی طرف مائل ہونا۔ کسی مشرک کی مدد کرنا اور کسی مشرک کا اپنے ہاتھ، زبان یا مال کے ساتھ تعاون کرنا'' ہے......اس آیت کریمہ میں اللہ رب العزت کی طرف سے امت محمدیہ کے تمام مومنوں سے خطاب کیا گیا ہے کہ اس کے بعد ہر پڑھنے والا اور سننے والا اپنے اپنے گریبان میں نظر ڈال کر جائزہ لے کہ میں کہاں کھڑا ہوں؟ کتنے پانی میں ہوں، ان آیات قرآنیہ کے حوالہ سے میرا کیا حال اور معاملہ ہے؟'' (المورد العذب الزلال في كشف شبهة أهل الضلال: ٢٩١)

﴿لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَ اَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ﴾ (المجادلة: ٢٢)

''اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والوں کو آپ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرنے والوں سے محبت رکھتے ہوئے ہرگز نہ پائیں گے۔ خواہ وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے قبیلے کے ہی کیوں نہ ہوں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان لکھ دیا ہے۔ جن کی تائید اپنی روح سے کی ہے''۔

مذکورہ آیت کی تفسیر میں شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے یہ بات بیان فرمائی ہے کہ آپ کوئی ایسا بندۂ مومن نہیں پائیں گے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے مخالفین سے محبت کرتا ہو۔ اس لیے کہ ایک بندۂ مومن کا حقیقی ایمان اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے کسی مخالف (کافر ومشرک) سے محبت ومودّت کی نفی کرتا ہے، جس طرح دو متضاد چیزیں ایک دوسرے کی وجود کی نفی کرتی ہیں (جیسے آگ اور پانی)۔ اس مسلّم حقیقت سے معلوم ہوا کہ جس کسی بندۂ مومن کے دل میں ایمان ہوگا، تو پھر اس دل میں اللہ

اوراس کے رسول ﷺ کے دشمنوں سے محبت نہیں ہو سکتی''۔(مجموع الفتاوی:۱۷/۷، نیز ملاحظہ ھو تفسیر الطبری:۲۷/۲۸ ، تفسیر ۹،۷/۷ ۔ تفسیر ابن کثیر:۳۳۰/٤)

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَ اَمْلٰى لَهُمْo ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ﴾ (سورۃ محمد:۲۵،۲٦)

''جولوگ اپنی پیٹھ کے بل الٹے پھر گئے اس کے بعد کہ ان کے لیے ہدایت واضح ہو چکی یقیناً شیطان نے ان کے لیے (ان کے برے اعمال کو) مزین کر دیا ہے اور انھیں ڈھیل دلا رکھی ہے، یہ اس لیے کہ انہوں نے ان لوگوں سے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ وحی کو برا سمجھا، یہ کہا کہ ہم بھی عنقریب بعض کاموں میں تمہارا کہا مانیں گے۔اور اللہ تعالیٰ ان کی پوشیدہ باتیں خوب جانتا ہے''

پانچویں صدی ہجری کے مجتہد امام ابن حزمؒ مذکورہ آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

''اپنے اس فرمان میں اللہ رب العزت نے مرتدین کو کافر کہا ہے۔چونکہ ان کو دین حق کی پہچان ہو چکی تھی اور ہدایت بھی ان کے سامنے واضح ہو چکی تھی،اس کے باوجود انھوں نے کافروں کو اپنی وفاداریوں کا یقین دلانے کے لیے جو بھی کہا سو کہا ۔علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ بتا دیا کہ میں ان کی خفیہ سرگرمیوں اور سربستہ رازوں سے آگاہ ہوں۔ساتھ ساتھ یہ خبر دے دی کہ میں نے ان کے اعمال بھی ضائع کر دیے ہیں۔اس لیے کہ انھوں نے اللہ کو ناراض کرنے والی روش اختیار کی اور اللہ کو راضی کرنے والی روش کو ناپسند کیا'' (الفصل فی الملل :۱۲۲/۳ ، فتح القدیر للشوکانی:۳۹/۵)

سلیمانؒ بن عبداللہ مذکورہ آیت کی تفسیر میں ارشاد فرماتے ہیں:

''مقام غور وفکر ہے کہ جب اللہ کی شریعت کو ناپسند کرنے والے کافروں سے بعض باتوں میں اطاعت گزاری کا یقین دلانے والوں کو اللہ رب العزت نے کافر کہا ہے،حالانکہ وہ ابھی صرف زبانی یقین دلا رہے ہیں عملاً کچھ نہیں کر رہے ۔تو جو لوگ اللہ کی نازل کردہ شریعت کو ناپسند کرنے والے مشرکوں سے مکمل طور پر موافقت کرتے ہیں،اطاعت گزاری کا یقین دلاتے ہیں اور عملاً کافروں کے حق میں کارروائیاں بھی کرتے ہیں تو کیا ان کے کافر ہونے میں کوئی شک وشبہ باقی رہ جاتا ہے؟ (الرسالة الحادیة عشرة من مجموعة التوحید:۳٤٦،۳٤٧)

﴿ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً وَ يُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ وَ اِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ﴾ (آل عمران:۲۸)

''مومنوں کو چاہیے کہ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے گا وہ اللہ کی حمایت میں نہیں،مگر یہ کہ ان کے شر سے کسی طرح بچاؤ مقصود ہو۔اور اللہ تعالیٰ خود تمہیں اپنی ذات سے ڈرا رہا ہے۔اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے''۔

مذکورہ آیت کی تفسیر میں امام ابن جریر طبریؒ فرماتے ہیں:

''اس آیت کریمہ کا معنی ومفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنوں کو منع کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ کافروں کو اپنا حمایتی اور مددگار نہ بناؤ۔وہ اس طرح کہ ان کے دین ومذہب کی بنیاد پر ان سے دوستیاں رچانے لگ جاؤ،مسلمانوں کو چھوڑ کر مسلمانوں کے خلاف کافروں کی مدد کرنے کے درپے ہو جاؤ اور کافروں کو مسلمانوں کے خفیہ راز اور معلومات فراہم کرنے لگ جاؤ۔جو شخص ایسا رویہ اختیار کرے گا ﴿فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ﴾ یعنی اس طرح کرنے سے وہ اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ اس سے لاتعلق ہو جائے گا۔اس وجہ سے کہ وہ اسلام سے مرتد ہو چکا ہے اور کفر میں داخل ہو چکا ہے۔''

(تفسیر الطبری:۳۱۳/٦، نیز دیکھیے تفسیر القرطبی :٥٧/٤)

اسی آیت مبارکہ کی تفسیر حافظ ابن کثیرؒ یوں فرماتے ہیں:

''اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے مومن بندوں کو منع فرمایا ہے کہ وہ کافروں سے دوستی کریں۔اس بات سے بھی منع فرمایا ہے کہ مومنوں کو چھوڑ کر ان (کافروں) سے چھپ چھپ کر دوستانہ مراسم قائم کریں۔اس بات پر ڈانٹتے ڈپٹتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں﴿وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ﴾ جو کافروں سے دوستی کر کے اس جرم عظیم کا مرتکب ہوگا اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق اور واسطہ نہیں''۔

(تفسیر ابن کثیر ۳٥٨/۱)

بعض لوگ مذکورہ بالا آیت میں مذکور الفاظ ''الاان تتقوا'' کی آڑ لیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم تو مجبور ہیں اور یہ کہ ہم تو کافروں کے شر سے بچنے کے لئے اُن کا ساتھ دے رہے ہیں،اور پھر وہ کافروں کے ہم رکاب ہو کر اہل ایمان سے جنگ کرتے ہیں،اُن کا قتلِ عام کرتے ہیں اور اُن کافروں کے ساتھ ہر طرح کی مدد اور تعاون کرتے ہیں۔''تقیہ'' یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اس کی آڑ میں کافروں سے محبت اور دوستی شروع کر دی جائے،یا تقیہ کی آڑ میں کافروں کے کفریہ اور باطل عقائد ونظریات کو اختیار کرنا شروع کر دیا جائے،یا تقیہ کی آڑ لیتے ہوئے کافروں کے پروگراموں،ایجنڈوں ،اقدامات (Missions) کو ہی درست قرار دے دیا جائے اور نہ ہی تقیہ کا یہ مطلب ہے کہ کافروں کے اتحادی بن کر مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شمولیت اختیار کر لی جائے۔جس شخص نے تقیہ کا یہ مطلب سمجھا ہے۔اس نے دین اسلام میں ایسی بات سمجھی اور کہی ہے جس کا فتنہ وفساد کوئی ڈھکا چھپا نہیں ہے۔جان لیجئے کہ یہ نظریہ رکھنا بالکل قرآن وحدیث کے بالکل خلاف ہے چناچہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے امام سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ سیدنا عبداللہ بن عباس ◆ فرمایا کرتے تھے:

((لَيْسَ التَّقِيَّةُ بِالْعَمَلِ اِنَّمَا التَّقِيَّةُ بِاللِّسَانِ))

(تفسیر ابن کثیر:۳٥٧/۱)

''(اگر کافروں کی شرارت کے خوف سے) بظاہر دوستی کا اظہار کرنا پڑ ہی جائے تو وہ صرف قول وگفتار کی حد تک ہو،کسی عمل وکردار سے نہ ہو''

مشہور تابعی جناب عوفیؒ بھی سیدنا عبداللہ بن عباسؓ سے یہ قول نقل کرتے ہیں:
((إِنَّمَا التَّقِيَّةُ بِاللِّسَانِ)) (تفسیر ابن کثیر: ۱/۳۵۷)
''تقیہ (کافروں کے ساتھ بظاہر دوستی کا اظہار) صرف زبان کی حد تک جائز ہے۔ (نہ کہ عملی کارروائیوں سے)''

امام قرطبیؒ تقیہ کی وضاحت میں چند مشہور و معروف علمائے امت کی توضیحات پیش کرتے ہیں کہ سیدنا عبداللہ بن عباس ◆ فرماتے ہیں:
(هُوَ أَنْ يَّتَكَلَّمَ بِلِسَانِهٖ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيْمَانِ وَ لَا يَقْتُلُ وَ لَا مَأْثَمًا)
(تفسیر القرطبی: ٤/٥٧)

''تقیہ اس کو کہتے ہیں کہ کوئی مسلمان شخص کفار کے شر سے بچنے کے لیے اپنی زبان سے کوئی ایسی بات کہہ دے جس سے بچاؤ ممکن ہو۔ اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو۔ تقیہ کرتے وقت نہ تو کسی مسلمان کو قتل کرنا جائز ہے نہ ہی کسی گناہ کا ارتکاب کرنا جائز ہے۔''

عوف اعرابیؒ جناب حسن بصریؒ سے تقیہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:
" التَّقِيَّةُ جَائِزٌ لِلْمُؤْمِنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ لَا يُجْعَلُ فِي الْقَتْلِ تَقِيَّةً"
(فتح الباری: ۱۲/۳۱٤ (کتاب الاکراہ، الحدیث: ٦٩٤٠)

''تقیہ کرنے کی سہولت اور اجازت مومن کے لیے قیامت تک باقی ہے۔ مگر کسی خونِ ناحق میں تقیہ کرنا جائز نہیں ہے۔''

مذکورہ بالا دلائل سے یہ بات واضح ہو گئی کہ ''جبر و اکراہ'' کی وجہ سے صرف زبانی طور پر کفار سے موافقت کی اجازت ہے، جس کو ''رخصت'' میں شمار کیا جائے گا لیکن ''عزیمت'' یہ ہے کہ اس زبانی کفر سے بھی بچا جائے، چہ جائے کہ کفار کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے ہی خلاف عسکری و غیر عسکری ہر طرح کی معاونت کی جائے۔ چنانچہ اسلامی تعلیمات کی رو سے کسی مسلمان کو قتل کرنا ہرگز جائز نہیں ہے۔ اگرچہ کسی مسلمان شخص کو کسی مسلمان شخص کے قتل پر زبردستی مجبور کیا جائے۔ اس بارے مشہور و معروف مفسر قرآن علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں:

''علماء کا اس موقف پر متفقہ فیصلہ ہے کہ جس شخص کو مجبور کیا جائے کہ تو فلاں بے گناہ مسلمان کو قتل کر دے۔ ایسی صورت میں بھی مجبور کیے جانے والے شخص کے لیے ہرگز جائز نہیں ہے کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کر ڈالے یا اس کی عزت کو پامال کر ڈالے یا اس پر جسمانی تشدد کرے یا اس طرح کا کوئی اور کردار ادا کرے، بلکہ مجبور کیے جانے والے شخص پر لازم ہے کہ اگر اس پر عرصۂ حیات تنگ کیا جاتا ہے اور اس کو اذیتوں اور ابتلاؤں سے دوچار کیا جاتا ہے تو وہ ان پریشانیوں اور اذیتوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتا ہوا اپنے اللہ سے اجر و ثواب کی امید رکھے۔ یہ قطعاً جائز نہیں کہ اپنی جان بچاتے ہوئے وہ کسی دوسرے مسلمان کی جان لے لے۔ ویسے ہر قسم کے حالات میں اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی عافیت اور خیریت ہی مانگتے رہنا چاہیے۔'' (تفسیر القرطبی: ۱۰/۱۸۳)

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں:
''کوئی شخص کسی مسلمان کو ''دینِ اسلام'' پر چلنے کی بنیاد پر قتل کر دیتا ہے جیسا کہ عیسائی مسلمانوں سے ان کے دین اور تہذیب کی بنیاد پر ہی جنگ کرتے ہیں تو ایسا شخص کہ جو محض دینِ اسلام کی بنیاد پر کسی مسلمان کو قتل کرے وہ ''کافر'' ہے۔ دین اور تہذیب کی بنیاد پر کسی مسلمان کو قتل کرنے والا کافر، اس کافر سے زیادہ خطرناک ہے جس کے ساتھ جنگ نہ کرنے کا باہمی عہد و پیمان طے کیا ہوا ہو۔ اس قسم کا کفر بالکل ان کافروں کی طرح ہی سمجھا جائے گا جو جناب محمد ﷺ اور آپ کے صحابہؓ کے ساتھ جنگ و قتال کیا کرتے تھے۔ اس قسم کے کفار ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے جس طرح دیگر کافروں کا یہی حکم ہے کہ وہ جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ اگر کوئی شخص کسی مسلمان کو ناحق، ناجائز اور ناروا قتل کر دیتا ہے مثلاً کسی دشمنی کی بناء پر یا مال و دولت کے کسی جھگڑے کی بنا پر یا اسی طرح کے کسی اور جھگڑے کی بنیاد پر تو وہ شخص کافر نہیں ہو گا مگر یہ قتل ناحق کبیرہ گناہ ہے۔ أَهْلُ السُّنَّةِ وَالجِمَاعَةِ (یعنی قرآن و سنت پر چلنے والے اور منہج اسلاف پر کاربند مسلمانوں) کے ہاں کسی مسلمان کو ناحق قتل کرنے سے کبیرہ گناہ کا مرتکب تو ہو گا مگر کافر قرار نہیں دیا جا سکتا۔'' (مجموع الفتاوی: ۳٤/۱۳٦، ۱۳۷)

شیخ سلیمان بن عبداللہؒ فرماتے ہیں:
''ایک ایسے شخص کے خلاف جہاد کو واجب کرنے والی تیسری بات یہ ہے کہ جو شخص بھی مشرکین کی مدد و حمایت کرتا ہے یا اپنے ہاتھ، زبان یا مال غرضیکہ کسی بھی طرح مسلمانوں کے خلاف مشرکوں کو تعاون فراہم کرتا ہے۔ یہ ایسا کفر ہے جو اسے اسلام سے باہر نکال دیتا ہے۔ جو انسان بھی مسلمانوں کے خلاف مشرکین کے ساتھ تعاون کرتا ہے، مشرکوں کو اپنا مالی تعاون پیش کرتا ہے جس کو وہ کافر و مشرک مسلمانوں کے خلاف برپا جنگ میں بروئے کار لاتے ہیں۔ یہ تعاون بھی وہ اختیاری حالت میں کافروں کے پیش خدمت کرتا ہے، ایسا شخص بلا شبہ کافر ہو جاتا ہے۔ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب نے نواقض اسلام میں سے آٹھواں ناقض (اسلام کو ختم کرنے والا عمل) یہ بیان کیا ہے کہ ''مشرکین کی مدد کرنا اور مسلمانوں کے خلاف جنگ میں مشرکوں کا تعاون کرنا۔ اسلام کو ختم کرنے والا آٹھویں نظریہ و عمل ہے۔ اس کی دلیل سورۃ المائدہ کی آیت: ۵۱ ہے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''اے ایمان والو! تم یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ تو آپس ہی میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ تم میں سے جو بھی ان میں سے کسی سے دوستی کرے گا وہ بے شک انہی میں سے ہے۔ ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہرگز راہ راست نہیں دکھاتا۔'' (الدرر السنية فی الاجوبة النجدية: ۷/۲۷۵)

شیخ سلیمان بن سحمانؒ، کافروں سے دشمنی اور مومنوں سے محبت کے عقیدہ کو اپنے شاعرانہ انداز میں یوں واضح کرتے ہیں:

وَمَنْ يَّتَوَلَّ الْكَافِرِيْنَ فَمِثْلُهُمْ ۔۔۔ وَ لَا شَكَّ فِيْ تَكْفِيْرِهٖ عِنْدَ مَنْ عَقَلَ
وَمَنْ يُّوَالِيْهِمْ وَيَرْكُنُ نَحْوَهُمْ ۔۔۔ فَلَا شَكَّ فِيْ تَفْسِيْقِهٖ وَ هُوَ فِيْ وَجَل
وَكُلُّ مُحِبٍّ أَوْ مُعِيْنٍ وَ نَاصِرٍ ۔۔۔ وَيُظْهِرُ جَهْرًا لِلْوِفَاقِ عَنِ الْعَمَلِ
فَهُمْ مِثْلُهُمْ فِي الْكُفْرِ مِنْ غَيْرِ رِيْبَةٍ ۔۔۔ وَاِذَا قَوْلُ مَن يَدْرِ الصَّوَابَ مِنَ الزُّلَل

(دیوان عقود الجواهر المنضدة الحسان للشيخ سليمان بن سمحان: ۱۳۱)

جو کافروں سے دوستی رچاتا ہے وہ انھی کی طرح ہوتا ہے۔عقل ودانش والے کسی شخص کے ہاں اس کے کافر ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔

جو شخص کافروں سے دوستی قائم کرتا ہے اور ان کی طرف مائل ہوتا ہے اس حالت میں کہ اس کے دل میں خوف وہراس تھا تو اس کے فاسق وفاجر ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

ہر وہ شخص جو کسی کافر سے محبت کرنے والا ہو، اس سے تعاون کرنے والا ہو اور اس کی مدد وحمایت کرنے والا ہو، وہ چاہے ظاہری طور پر ہی اپنے عمل وکردار سے کافروں کے ساتھ یکجہتی، ہم آہنگی اور موافقت کا اظہار کرنے والا ہو۔بغیر کسی شک وشبہ کے وہ شخص بھی کافروں کی طرح کا کافر ہے۔یہ بات وہ شخص کہہ رہا ہے جو صحیح اور غلط، حق اور باطل میں فرق سے اچھی طرح آگاہ وآشنا ہے۔شیخ عبدالرحمٰن بن حسنؒ مزید فرماتے ہیں:

''کافروں کے ساتھ مل کر کسی کلمہ پڑھنے والے نام نہاد مسلمان کا مسلمان ہی کے خلاف جنگ کرنا، جبکہ وہ جانتا بھی ہے کہ وہ کفار، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے دین برحق ''اسلام'' کا قلع قمع کرنا چاہتے ہیں۔سابقہ گفتگو میں ذکر کردہ صورت حال سے کئی لحاظ سے بڑا گناہ ہے۔دین اسلام ختم کرنے کے لیے کوشاں ان کافروں کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شرکت کرنے والا یہ نام نہاد کلمہ گو مسلمان ''کافر'' ہے ۔ایسے شخص کے بارے میں اللہ رب العزت فرماتے ہیں:

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِیْنَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّاْمَنُوْكُمْ وَیَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِیْهَا فَاِنْ لَّمْ یَعْتَزِلُوْكُمْ وَیُلْقُوْٓا اِلَیْكُمُ السَّلَمَ وَیَكُفُّوْٓا اَیْدِیَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ﴾ (النسآء:۹۱)

''تم کچھ اور لوگوں کو ایسا بھی پاؤ گے، جن کی بظاہر خواہش ہے کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں۔لیکن جب کبھی فتنہ انگیزی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں تو اوندھے منہ اس میں ڈال دیے جاتے ہیں پس اگر یہ لوگ تم سے (لڑائی میں) کنارہ کشی نہ کریں تمہاری اطاعت نہ کریں اور (کافروں کے ساتھ لڑائی کے وقت یہ لوگ) اپنے ہاتھ تم سے روک کر نہ رکھیں تو آپ ان کو پکڑیں اور جہاں کہیں بھی پائیں ان کو قتل کردیں ۔ان لوگوں کے خلاف ہم نے تم کو کھلی حجت دے دی ہے۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''جو کوئی مسلمان کو ایسے وقت بے یارو مددگار چھوڑ دے جبکہ اس کی عزت اچھالی جارہی ہو اور اس کی ساکھ خراب کی جارہی ہو، تو اللہ تعالیٰ اس کو بے یارومددگار چھوڑ دے گا جبکہ اس کو مدد کی ضرورت ہوگی، اور جو کوئی مسلمان کی مدد کرے ایسے وقت جبکہ اس کی عزت اچھالی جارہی ہو اور اس کی ساکھ خراب کی جارہی ہو، تو اللہ اس کی اس وقت مدد کرے گا جبکہ اس کو مدد کی ضرورت ہوگی''۔ (ابوداؤد)

﴿تَرٰى كَثِیْرًا مِّنْهُمْ یَتَوَلَّوْنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَفِی الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴾ (سورۃ المائدۃ:۸۰)

''تم دیکھو کہ ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو کافروں سے دوستی کرتے ہیں۔(یہ کام) بہت ہی بُرا ہے جو ان کی جانوں نے ان کے لئے آگے بھیجا ہے۔ان کی اس حرکت کی وجہ سے اللہ ان پر غضبناک ہوا اور وہ ہمیشہ ہمیشہ کے عذاب میں مبتلاء کردیئے گئے۔''

کفار ومشرکین سے دوستی اور معاونت کے حوالے سے شریعت کی واضح تعلیمات اور ہدایات ہمارے سامنے موجود ہیں، فیصلہ ہمارے ہاتھ میں ہے کہ ہم کیا طرز عمل اختیار کرتے ہیں؟

آخر میں اللہ رب العزت کی جناب میں انتہائی عاجزی کے ساتھ دُعا ہے کہ:

اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَلَا تَجْعَلْنَا مَعَهُمْ

''اے اللہ! ہر اس شخص کی مدد فرما جو تیرے نبی محمد ﷺ کے دین کی مدد ونصرت میں لگا ہے اور اُن میں ہمیں شامل فرما اور ہر اُس شخص کو ذلیل ورسوا فرما جو تیرے نبی محمد ﷺ کے دین کو نیچا دکھانے میں لگا ہے اور ہمیں اِن لوگوں میں شامل نہ فرما۔'' (امین یا رب العالمین)

بقیہ: طاغوتی ایجنسیوں کے حربے اور ان کا سدِ باب

بعض اوقات ان کی حفاظت کے لیے کتے بھی خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں۔اگر آپ کسی بھیڑ، بکری کو ذبح کرتے ہیں تو اس کا خون پانی کی ندی میں بہائیں یا گڑھے میں دبائیں اور ہڈیاں یا کھال ہر چیز مکمل طور پر چھپائیں۔کیونکہ کسان اس طرح کی زیادتی پر سخت غمگین ہوتے ہیں اور دشمنوں کو آپ کی راہ پر ڈال سکتے ہیں۔البتہ مہاجرین کے کیمپوں، خیموں سے اس طرح کی چیزیں بآسانی مل سکتی ہیں۔سفر کے لیے بہترین وقت رات کا ہوتا ہے۔ملاحت کمپاس، قطب نمایا ستاروں کی مدد سے کی جاسکتی ہے۔باقی رہیں اپنی جیب سے، لڑیں اپنی پیٹی سے اور جئیں اپنی پوچ سے۔

رات کے وقت زیادہ ٹھنڈ ہوتی ہے دن کے وقت رہنے کے لیے گرم جگہ دیکھیں لیکن درختوں کے جھنڈ یا کھیتوں کے باڑے خطرناک ہوسکتے ہیں۔البتہ اکا دکا پہاڑیاں زیادہ بہتر ثابت ہوتی ہیں۔ایسی جگہ تلاش کریں جو خشک ہو اور آنے جانے والے پر نظر بھی رکھی جاسکے۔اکثر تلاش کرنیوالی پارٹی کتوں کو ساتھ لے کر چلتی ہے یا ہیلی کاپٹروں کی مدد سے نگرانی کی جاتی ہے۔آپ کو زمینی اور ہوائی دونوں نظروں سے تمویہ کرنا ہوگا۔سب سے اہم چیز فرار میں آپ کی شخصیت اور نفسیات ہوتی ہے۔آپ کو ٹھنڈے دماغ، روشن ضمیری، عملی مزاج، حقیقت پسند، فیصلہ کن اور حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے والا ہونا چاہئے، جو تنہائی سے نہ ڈرے اور چیزیں اختراع کرسکے، دوسروں کے ردعمل کی پیش بینی اور پیش گوئی کرسکے، ہر وہ چیزیں جمع کرے جو بعد میں کام آسکتی ہو۔

سرزمینِ خراسان میں صلیبیوں کی بے چارگی

طلحہ ابو بکر

افغانستان میں موجود صلیبی وصہیونی افواج مکمل طور پر مجاہدین کے رحم وکرم پر ہیں۔ان افواج پر یہ بات واضح تر ہوچکی ہے کہ مجاہدین کے مقابلے میں کامیابی حاصل کرنا ناممکن الحصول ہدف ہے۔یہ جنگ ان طاغوتی طاقتوں کے لیے ایسی بھیانک حقیقت ہے جس کا سامنا اُنھیں مردار فوجیوں کے تابوتوں کی قطاروں، زخمی اور اپاہج سپاہیوں وافسروں کی روز افزوں بڑھتی تعداد کی صورت میں کرنا پڑ رہا ہے۔یہ محض اللہ تبارک وتعالیٰ کا کرم اور اُس کا احسان وفضل ہے کہ اُس نے اپنی قدرت کاملہ کے ذریعے اپنے کمزور وضعیف اور بے سروسامان بندوں کو محض اُن کے اخلاص، تقویٰ اور راہ خدا میں اپنا سب کچھ لٹادینے کی بنیاد پر وہ قوت عطا فرمائی جس کی بنیاد پر انہوں نے فراعینِ عصر کی رعونت ونخوت کو پیوندِ خاک کر دیا ہے۔

سال ۲۰۰۸ء میں طالبان نے ۵۲۲۰ امریکی واتحادی فوجیوں کو جہنّم واصل کیا جبکہ مرتد افغان فوج اور پولیس کے ہلاک ہونے والوں کی تعداد ۵۵۲۷ تھی۔مجاہدین نے اپنی کارروائیوں میں طاغوتی طاقتوں کی تمام تر ٹکنالوجی کے سحر کو چکنا چور کر کے رکھ دیا۔ان مبارک کارروائیوں کے دوران ۳۱ جنگی جہاز و ہیلی کاپٹر مار گرائے گئے جبکہ ان شیطانی قوتوں کی ۲۸۱۸ گاڑیاں بھی تباہ ہوئیں۔اس کے ساتھ ساتھ مجاہدین نے اتحادی افواج کی رسد کے نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔اب تک اتحادی افواج کو سامان رسد پہنچانے والے ۴۵۰ سے زائد کنٹینرز نذرِ آتش کے گئے۔ان کنٹینرز میں ۱۵۰ سے زائد بکتر بند گاڑیاں بھی تھیں۔عید الاضحیٰ سے ایک روز قبل پشاور میں ہونے والی کارروائی کے نتیجے میں امریکہ اور اس کے اتحادیوں کا بیس ارب کا نقصان ہوا۔اُن کی سپلائی لائن طالبان کے مسلسل حملوں کا نشانہ بنی ہوئی ہے اور یہ ''بہادر'' افواج اپنی کمین گاہوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہیں۔

الحمدللہ مجاہدین کا ہر قدم فتح اور کامیابی کی طرف بڑھ رہا ہے اور ایسا کیوں نہ ہو کہ **و انتم الاعلون ان کنتم مو منین** 'اللہ کا وعدہ ہے' اور اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔اتحادیوں کا زور ٹوٹ چکا ہے لیکن امریکہ ''بہادر'' تاریخ کے سبق سے آنکھیں بند کیے اور شکست خوردگی کے باوجود اپنی انانیت اور غرور وتکبر کے بت کو سہارا دینے کے لیے افغانستان میں ۲۵ سالہ قیام کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔محسوس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے منصوبے کی حتمی تکمیل (یعنی **و کلمة الله هی العلیا**) اور دنیا بھر کی کفری طاقتوں کی ظالمانہ حاکمیت کے خاتمہ کے لیے اس فرعونِ زمانہ کی عقل وفہم سلب کر لی ہے۔امریکی وزیر دفاع رابرٹ گیٹس نے (نام نہاد) افغان حکومت کو طویل مدت تک افغانستان میں قیام کی یقین دہانی کروائی ہے۔امریکی جوائنٹ فورسز کمانڈ کی جانب سے جاری ایک رپورٹ کے مطابق امریکہ نے عسکریت پسندی کے خاتمے کے لیے ۲۵ سال تک جنگ کا عزم کر رکھا ہے' اسی لیے وہ افغانستان میں تین مستقل فوجی اڈے تعمیر کر رہا ہے، جن میں سے ایک اڈا قندھار میں تعمیر کیا جائے گا جس پر ۵۰۰ ملین ڈالر لاگت آئے گی جبکہ دیگر علاقوں میں فوجیوں کی رہائش گاہیں تعمیر کی جائیں گی جن پر ۳۰۰ ملین ڈالر لاگت آئے گی۔اللہ سے باغی سرمایہ دارانہ نظام کے سرخیل امریکہ کی ڈگمگاتی معاشی ناؤ' مجاہدین کی استقامت واولوالعزمی کی وجہ سے غرق ہو کر تاریخ کے اوراق کے سپرد ہونے کے قریب ہے۔(سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ)

۱۷ہزار اضافی امریکی فوجیوں کی افغانستان میں تعیناتی ہوگی۔خوش خبری ہو مجاہدین کے لیے کہ اُن کا شکار ذلیل ورسوا ہونے خود اُن کے پاس آ رہا ہے! طالبان مجاہدین کا کہنا ہے ''ہم نے نئے امریکی فوجیوں کے 'استقبال' کی تیاری کر رکھی ہے''۔گزشتہ آٹھ برس کے دوران میں افغانستان اور پھر عراق میں لڑتے لڑتے امریکی فوج تھک چکی ہے کیونکہ ایمان ویقین نام کی نعمت سے تو یہ بدبخت محروم ہیں اور موت کو ہر دم اپنی آنکھوں کے سامنے ناچتا دیکھ کر شدید قسم کے ذہنی ونفسیاتی امراض کا شکار ہیں۔گویا ان محاذوں پر موجود تمام کفار 'چلتی پھرتی زندہ لاشوں' کی صورت اختیار کر چکے ہیں لہٰذا امریکی فوج میں شمولیت کے لیے امریکی شہری بھی کافی تعداد میں میسر نہیں۔بہر حال عسکری تجزیہ کار اس بات پر متفق ہیں کہ اضافی فوج افغانستان بھجوانے سے امریکہ اس دلدل میں مزید دھنستا چلا جائے گا کیونکہ جتنی زیادہ فوج افغانستان میں آئے گی، مجاہدین کو اتنے ہی زیادہ اہداف میسر آئیں گے اور امریکہ واتحادی جتنی زیادہ فوج افغانستان میں جمع کریں گے اُتنی ہی زیادہ بڑی شکست کا انھیں سامان کرنا پڑے گا۔(**ومکروا و مکر الله والله خیر الماکرین**)

اسی دوران میں ایک سابق روسی جرنیل ارسلان آ ڈشیلف نے کہا کہ نیٹو اور امریکہ افغانستان میں سابق سوویت روس والی غلطی دہرا رہے ہیں۔اُس نے ۱۹۸۰ء کے عشرے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں فوجی کارروائی کے دوران میں ۱۵ لاکھ افغان شہری شہید ہوئے جبکہ ۱۴ہزار روسی فوجی جہنّم واصل اور ۷۰ ہزار سے زائد معذور ہوئے۔اس کے باوجود سوویت روس کو اس سرزمین میں عبرت ناک شکست ہوئی۔اس حقیقت کو مرتد وزندیق امریکی صدر اوباما بھی پا چکا ہے کہ افغانستان 'سلطنتوں کا قبرستان' ہے۔یہ بات اس نے میونخ سکیورٹی کانفرنس میں کہی۔اُس نے کہا ''پچھلے دوسال کے اندر افغانستان کی صورت حال بہت خراب ہوئی ہے۔کامیابی کے امکانات کم ہیں کیونکہ تاریخ یہی بتاتی ہے کہ افغانستان بیرونی حملہ آوروں کا قبرستان ثابت ہوا ہے اور بیرونی فوجی طاقتوں کو یہاں ہمیشہ شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے، ہمیں اس تاریخ کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔'نیویارک ٹائمز' کو دیے گئے

انٹرویو میں اوباما نے کہا ''امریکہ افغانستان میں جنگ جیت نہیں رہا اور افغانستان کے حالات عراق سے زیادہ پیچیدہ ہیں''۔ متذکرہ بالا میونخ کانفرنس میں ہالبروک نے کہا ''افغانستان کی صورت حال ویت نام سے زیادہ خراب ہے اور یہاں عسکریت پسندی کے خلاف لڑائی عراق کی نسبت زیادہ مشکل ثابت ہوسکتی ہے۔ افغانستان میں جنگ جیتنا انتہائی مشکل اور کٹھن کام ہے، مجھے زندگی میں کبھی ایسے کٹھن اور مشکل حالات سے دوچار ہونا نہیں پڑا جتنا افغانستان میں سامنا کرنا پڑ رہا ہے''۔

مائیک مولن نے نیو یارک میں فورٹ ڈرم آرمی بیس میں خطاب کرتے ہوئے تسلیم کیا کہ ''افغانستان کی صورت حال انتہائی تشویش ناک ہے، طالبان مضبوط جبکہ حکومت کی گرفت کمزور تر ہو رہی ہے، وہاں صورتحال مشکل ہوتی جارہی ہے، مالیاتی بحران بھی افغانستان میں آپریشن کو متاثر کرسکتا ہے''۔ برسلز میں نیٹو کے ہیڈ کوارٹر میں سفیروں سے خطاب کرتے ہوئے برطانوی وزیر دفاع جان ہٹن افغانستان میں نیٹو افواج کی ناکامی پر ملنے والی مایوسی نہ چھپا سکا اور غصّے کا اظہار کرتے ہوئے اُس نے کہا کہ ''طالبان کے خلاف نیٹو افواج کی جانب سے پیش قدمی نہ ہونا افسوسناک ہے۔ ہمیں طالبان کے خلاف مفت کے فوجی نہیں ملیں گے'' (قل موتوا بغیظکم)۔

انسداد دہشت گردی کے آسٹریلوی ماہر ڈیوڈ کلکوان کا کہنا ہے کہ ''افغانستان مکمل تباہی کے دھانے پر پہنچ چکا ہے اور رواں سال یہ ملک اتحادی افواج کے لیے انتہائی مہلک ثابت ہوگا، افغانستان کی صورت حال ویت نام جیسی شکل اختیار کر گئی ہے۔ افغانستان میں فوج میں اضافہ سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے''۔ (وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ)

دوسری جانب نیٹو اور امریکہ کے درمیان خلیج وسیع ہوتی جارہی ہے۔ باخبر ذرائع کے مطابق نیٹو اور امریکی فورسز کو اب آپس میں بھی ایک دوسرے پر اعتماد نہیں رہا جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ نیٹو ممالک کو افغان جنگ میں بجز تباہی و رسوائی کے اور کچھ دکھائی نہیں دے رہا، نیٹو ممالک سمجھتے ہیں کہ اس جنگ میں اگر کوئی فائدہ ہوسکتا ہے تو وہ صرف امریکہ کا ہوگا لہٰذا نیٹو ممالک اب افغانستان سے واپسی کے لیے بڑے بے تاب ہیں۔ آسٹریلوی وزیر دفاع جوئل فٹز گبن نے بھی تسلیم کیا ہے کہ ''افغانستان میں فوج ڈبل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ افغانستان میں کامیابی کا کوئی امکان نہیں''۔ ڈنمارک کا وزیر دفاع بھی چیخ رہا ہے کہ ''افغانستان میں سکیورٹی کی صورت حال انتہائی خراب ہے اور ڈنمارک وہاں مزید فوج نہیں بھیجے گا۔'' سپین نے بھی امریکی صدر کا مطالبہ مسترد کرتے ہوئے افغانستان میں مزید فوج بھیجنے سے انکار کر دیا ہے۔ یہ رپورٹیں تو پہلے ہی منظر عام پر آچکی ہیں کہ مالیاتی بحران کے باعث نیٹو ممالک اپنی فوجیں افغانستان سے نکالنے پر مجبور ہو جائیں گے لیکن یورپی یونین کا صدر الیگزینڈر رروندرا تو یہاں تک کہنے پر مجبور ہوا کہ ''عالمی مالیاتی بحران سے یورپی یونین اور نیٹو کا اتحاد بھی شدید خطرے سے دوچار ہوگیا ہے''۔ جبکہ میونخ سکیورٹی کانفرنس میں شریک نیٹو کے اہم ارکان جرمنی اور برطانیہ بھی افغانستان میں مزید فوج بھیجنے کے معاملے پر اختلافات کا شکار ہو گئے ہیں۔ آنے والے دنوں میں امریکہ و نیٹو ممالک کے درمیان یہ سرپھٹول ان شاء اللہ مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ (تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّ قُلُوْبُهُمْ شَتّٰى)

موجودہ صلیبی جنگ کے آٹھ برس بعد اس جنگ کے نتائج کس قدر امریکیوں کی توقعات کے مطابق نکلے؟ اس سوال کا جواب امریکہ کے سب سے بڑے اتحادی برطانیہ کے سابق کمانڈر مورلے کے اس بیان میں پنہاں ہے، جس میں اُس نے انکشاف کیا کہ ''افغانستان کے جنوبی علاقوں میں آپریشن، ویت نام کی طرح ناکام اور بے کار ہے''۔ غیر جانب دار تجزیہ کار بار ہا اس امر کا اظہار کر چکے ہیں کہ اس وقت تمام معاملات طالبان کے ہاتھ میں ہے، وہ اس وقت افغانستان کے ۷۰ فیصد سے زائد علاقوں پر بلاشرکت غیرے حکمرانی کر رہے ہیں بلکہ ایک معروف افغان تجزیہ کار ہارون میر کا تو یہاں تک کہنا ہے کہ ''اس وقت طالبان کابل کے کونوں میں موجود ہیں اور وہ کسی بھی وقت کابل حکومت کو گرا سکتے ہیں''۔

کفر کی (مصنوعی) طاقتوں کے خوف سے کانپنے والوں کے لیے طالبان مجاہدین کی ان کامیابیوں میں سبق مضمر ہے۔ وہ سبق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کبھی بھی اپنے مخلص بندوں کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑتا، یہ اُس کا طریقہ ہے کہ وہ اپنے بندوں کو آزمائشوں، سختیوں اور صعوبتوں سے گزارتا ہے اور جب وہ محض اُسی کی توفیق سے یہ تمام مراحل صبر واستقامت سے طے کر لیتے ہیں تو پھر اُس عزیز وغفار، مالک الملک کی مدد ونصرت اور فرشتوں کا نزول اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کرتے ہیں جس کے نتیجے میں دنیا میں فتح وکامرانی، عزت وتمکنت اور آخرت میں خوشنودی رب ورضائے الٰہی اور رب کریم کی جنتوں کا حصول اُن کی منزل قرار پاتا ہے۔ اس کے برعکس اُن کی مقابل قوتیں جو دراصل اللہ کا مقابلہ کرنے نکلتی ہیں، اُن کا مقدر دنیا میں ذلت و رسوائی، مسکنت وپستی اور بے چارگی وکم بختی ٹھہرتی ہے اور آخرت میں ہمیشگی کا عذاب، جلنے اور جلتے رہنے کی سزا اُن بدبختوں کے لیے تیار ہے۔ ذالک جزاء الکافرین

❁---❁---❁

سپلائی لائن

ڈاکٹر ولی محمد

